www.dailyquwat.com | email:dailyquwat786@gmail.com

★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

روزنامہ قوت لاہور

جلد نمبر 12 | جمعۃ المبارک 30 محرم الحرام 1445ھ، 18 اگست 2023ء، 4 بھادوں 2080ب صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 332

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

عام انتخابات 90 دن میں نہیں ہو سکتے الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیوں کے شیڈول کا اعلان کر دیا

حلقہ بندیاں 14 دسمبر کو مکمل ہوں گی جبکہ پرانی حلقہ بندیوں کو منجمد کر دیا گیا، نئی حلقہ بندیوں کیلئے صوبائی حکومتوں اور ادارہ شماریات سے معاونت طلب کر لی

21 اگست کو چاروں صوبوں اور اسلام آباد کے لئے کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی، یکم سے 4 ستمبر تک حلقہ بندیوں کمیٹیوں کو ٹریننگ دی جائے گی، الیکشن کمیشن

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نئی حلقہ بندیوں کے شیڈول کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ عام انتخابات 90 روز میں نہیں ہو سکتے۔ چیف الیکشن کمشنر سلطان سکندر راجہ کے زیر صدارت الیکشن کمیشن کا اجلاس ہوا، جس میں آئندہ عام انتخابات (باقی صفحہ 7 بقیہ 1)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نگران وفاقی کابینہ سے حلف لے رہے ہیں

42 کروڑ 71 لاکھ ڈالر کی بیرونی سرمایہ کاری، 2022 کے مقابلے میں سرمایہ کاری 77 فیصد کم رہی، رپورٹ

لاہور (خصوصی رپورٹ) رواں مالی سال میں 42 کروڑ 71 لاکھ (باقی صفحہ 7 بقیہ 3)

سائفر معاملے پر خصوصی پراسیکیوٹرز ٹیم تشکیل دینے کا فیصلہ

خصوصی ٹیم میں ایڈوکیٹ شاہ خاور، رضوان عباسی اور ذوالفقار نقوی شامل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے سائفر معاملے پر خصوصی پراسیکیوٹرز ٹیم تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا، ذرائع نے بتایا کہ ٹیم میں ایڈوکیٹ شاہ خاور رضوان (باقی صفحہ 7 بقیہ 2)

نگران وزیر اعظم کا شہباز شریف کے پرسنل سٹاف کو ساتھ رکھنے کا فیصلہ

چار افسران کو کام جاری رکھنے کی ہدایت، احد چیمہ کو اہم ذمہ داری سونپے جانے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نگران وزیر اعظم نے سابق وزیر اعظم شہباز شریف کے پرسنل سٹاف کو ساتھ رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، نگران وزیر اعظم نے (باقی صفحہ 7 بقیہ 4)

علاقائی استحکام کو لاحق خطرات سے نمٹنے میں پاکستان کیساتھ مشترکہ مفاد ہے، امریکا

اپنے شہریوں کی سلامتی کے لیے حکومت کی اپنی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں جس سے قانون کی حکمرانی کو فروغ ملے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے کہا ہے کہ علاقائی استحکام کو لاحق خطرات سے نمٹنے میں اس کا پاکستان کے ساتھ مشترکہ مفاد ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے ترجمان ویدانت پٹیل نے کہا کہ علاقائی استحکام کو لاحق خطرات سے نمٹنے میں پاکستان کے ساتھ ہمارا مشترکہ مفاد ہے اور عسکریت پسندوں اور دہشت گرد گروپوں سے نمٹنے کے لیے ہم پاکستان کے ساتھ مل کر (باقی صفحہ 7 بقیہ 5)

جڑانوالہ واقعہ ملوث افراد کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، ترجمان دفتر خارجہ

سکیورٹی فورسز نے گوادر حملے میں ملوث تمام حملہ آوروں کو ہلاک کر دیا، پاکستان تمام چینی شہریوں کی سیکیورٹی کو یقینی بنا رہا

پاکستان مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم وستم کی مذمت کرتا ہے، کشمیر میں موجودہ حالات پر اقوام عالم کو بھی کشمیریوں کی آواز پہنچاتے رہیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرا بلوچ نے جڑانوالہ واقعے کی مذمت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اس واقعے میں ملوث افراد کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، سکیورٹی فورسز نے گوادر حملے میں ملوث تمام حملہ آوروں کو ہلاک (باقی صفحہ 7 بقیہ 6)

اسلامی نظریاتی کونسل کا جڑانوالہ سانحہ میں ملوث افراد کو سزا دینے کیلئے خصوصی عدالتیں قائم کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلامی نظریاتی کونسل نے جڑانوالہ (باقی صفحہ 7 بقیہ 8)

فوری اور سستا انصاف فراہم کرنے میں محتسب کا کردار بہت اہم، صدر مملکت

محتسب کے کردار کی اہمیت کے پیش نظر اس بارے بھرپور آگاہی پیدا کرنیکی ضرورت ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے لوگوں کو آسان، سستے اور فوری انصاف کی فراہمی کے لئے وفاقی محتسبین کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ تنازعات کے متبادل حل سے عدالتی نظام پر بوجھ کو کم کرنے میں مدد ملے گی، محتسب کے (باقی صفحہ 7 بقیہ 7)

جڑانوالہ واقعہ انتہائی افسوسناک: کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائیگی، آرمی چیف

نوجوانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ سچ، آدھا سچ، جھوٹ، غلط معلومات اور غلط معلومات کے درمیان فرق کو سمجھیں

پاکستان کے تمام شہری بلاتفریق مذہب، جنس، ذات یا عقیدہ ایک دوسرے کے لیے برابر ہیں، تقریب سے خطاب

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ جڑانوالہ کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور مکمل طور پر ناقابل برداشت ہے۔ سالانہ آئی ایس پی آر انٹرنشپ پروگرام کے شرکا سے خطاب کے دوران انہوں نے کہا کہ معاشرے کے کسی بھی (باقی صفحہ 7 بقیہ 9)

گورنر پنجاب سے یو ایس قونصل جنرل کی الوداعی ملاقات، مختلف امور پر گفتگو

لاہور (خصوصی رپورٹر) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے یو ایس قونصل جنرل ولیم کے میکانیولے نے الوداعی (باقی صفحہ 7 بقیہ 10)

راولپنڈی: آرمی چیف جنرل عاصم منیر آئی ایس پی آر انٹرنشپ پروگرام کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

ایوان صدر میں صدر مملکت نے کابینہ سے حلف لیا، مرتضیٰ سولنگی نگران وزیر اطلاعات، احمد عرفان اسلم وزیر قانون مقرر

16 رکنی نگران وفاقی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

جلیل جیلانی وزیر خارجہ
سرفراز بگٹی وزیر داخلہ
شمشاد اختر وزیر خزانہ مقرر

ڈاکٹر ندیم جان نگران وزیر صحت، تابش گوہر وزیر توانائی مقرر، انیق احمد وزیر مذہبی امور ہونگے، نگراں وفاقی کابینہ میں 11 وفاقی وزیر اور 7 معاون خصوصی شامل

امریکا کے ساتھ اپنی شراکت داری کو اہمیت دیتے ہیں، آئین کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد کے لئے پوری تندہی سے کام کریں گے، نگران وزیر اعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک / نیوز ایجنسیاں) نگران وزیر اعظم کے انتخاب کے بعد 18 رکنی نگران وفاقی کابینہ کا اعلان بھی کر دیا گیا، ایوان صدر میں منعقدہ حلف برداری کی تقریب میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف (باقی صفحہ 7 بقیہ 14)

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نگراں وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ نگران حکومت پاکستان میں آئین کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد کے لئے پوری تندہی سے کام کرے گی۔ جمعرات (باقی صفحہ 7 بقیہ 11)

اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، چیف جسٹس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے سکھ برادری (باقی صفحہ 7 بقیہ 15)

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کے ہمراہ تمام مذاہب اور ادیان کے قائدین اور زعما کا گروپ فوٹو

نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا بینظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی کا دورہ

لاہور (خبرنگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے بینظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی کا دورہ کیا، صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر بھی ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے (باقی صفحہ 7 بقیہ 13)

اسلام آباد پولیس؛ منارٹی پروٹیکشن یونٹ میں 70 جوان تعینات

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت میں اقلیتوں کے تحفظ کے پولیس یونٹ میں 70 جوان تعینات کر دیے گئے ہیں۔ ترجمان کیپٹل پولیس کے مطابق تمام (باقی صفحہ 7 بقیہ 12)

جڑانوالہ واقعہ افسوسناک تحقیقات میں ثابت ہوا یہ سوچی سمجھی سازش ہے، محسن نقوی

لوگوں کو اشتعال دلانے والے ملزم سمیت 150 سے زائد افراد گرفتار

2 مقدمات درج، دہشت گردی، اقدام قتل سمیت 18 دفعات شامل، تحقیقات جاری، کمشنر، آر پی او، ڈپٹی کمشنر اور سی پی او موقع پر موجود ہیں، ترجمان پنجاب حکومت

ایسے واقعات کی پاکستان اور دین اسلام میں کوئی گنجائش نہیں، وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت تمام مذاہب اور ادیان کے قائدین اور زعماء (مسلم، کرسچن، سکھ، ہندو، بہائی) کا مشترکہ اجلاس

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) فیصل آباد کے شہر جڑانوالہ میں پیش آئے واقعات میں ملوث ہونے کے الزام میں 100 سے زائد افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ گزشتہ روز (باقی صفحہ 7 بقیہ 16)

لاہور (خبرنگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب اور ادیان کے قائدین اور زعماء (مسلم، کرسچن، سکھ، (باقی صفحہ 7 بقیہ 17)

جڑانوالہ واقعہ لمحہ فکریہ، ریاستی ادارے ان گروہوں کو قابو میں لائیں: احسن اقبال

کوئی اقلیت خود کو غیر محفوظ سمجھے تو یہ نظریہ پاکستان کی نفی ہوگی



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے سیکرٹری جنرل اور سابق وفاقی وزیر احسن اقبال نے جڑانوالہ واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلامی ریاست (باقی صفحہ 7 بقیہ 18)

نواز شریف ستمبر کے تیسرے ہفتے میں آ کر انتخابی مہم چلائیں گے، عرفان صدیقی

نواز شریف سمجھتے ہیں اس سال الیکشن ہو جائیں گے



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ نواز شریف ستمبر کے تیسرے ہفتے میں وطن واپس آئیں گے اور انتخابی مہم چلائیں گے۔ ایک (باقی صفحہ 7 بقیہ 19)

اقلیتوں، انکی عبادت گاہوں کو تحفظ فراہم کیا جائے، شیخ رشید

نگران پنجاب حکومت جڑانوالہ واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرے

لاہور (نمائندہ خصوصی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ وسابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے نگران پنجاب حکومت سے جڑانوالہ واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ سماجی (باقی صفحہ 7 بقیہ 31)

جڑانوالہ واقعے نے ہمیں پھر دعوتِ فکر دی، فردوس عاشق اعوان

یہ کسی مذہب یا فرقے سے بڑھ کر پاکستان کا نقصان ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ جڑانوالہ فیصل آباد میں حالیہ واقعہ نے اقتدار کے ایوان کے ساتھ (باقی صفحہ 7 بقیہ 32)

شہریوں کی ٹیلی فونک گفتگو کی ریکارڈنگز، آڈیو لیکس وفاق سے جواب طلب

وفاقی حکومت کا جواب 31 مئی کے آرڈر کے مطابق نہیں، دوبارہ مفصل جواب جمع کرائیں، عدالت

عدالت نے سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کے بیٹے نجم الثاقب کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے شہریوں کی ٹیلی فونک گفتگو کی ریکارڈنگز اور آڈیو لیکس (باقی صفحہ 7 بقیہ 20)

لاہور: چیئرمین پاکستان علماء کونسل علامہ طاہر محمود اشرفی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جڑانوالہ واقعہ پر ہم شرمندہ، مسیحی برادری سے معافی مانگتے ہیں، علامہ طاہر اشرفی

جوزف کالونی کے مجرموں کو سزا دی ہوتی تو یہ سانحہ دوبارہ رونما نہ ہوتا

لاہور (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل علامہ طاہر محمود اشرفی نے جڑانوالہ واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کو ہر قسم کا تحفظ حاصل ہے۔ جڑانوالہ واقعہ پر ہم شرمندہ ہیں مسیحی برادری سے معافی مانگتے ہیں۔ لاہور میں (باقی صفحہ 7 بقیہ 22)

پنجاب حکومت کا جیل کے ہسپتالوں کا کنٹرول محکمہ صحت کو دینے کا فیصلہ

جیل ہسپتالوں کا نظام محکمہ صحت کو دینے کی سمری وزیر اعلیٰ پنجاب کو ارسال

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب حکومت نے جیل کے ہسپتالوں کا کنٹرول محکمہ صحت کو دینے کا فیصلہ کر لیا، 43 جیل ہسپتالوں کا نظام محکمہ صحت کو دینے کی سمری وزیر اعلیٰ پنجاب کو بھجوا دی گئی۔ جیلوں میں قائم منشیات کے عادی افراد کے بحالی مراکز محکمہ صحت (باقی صفحہ 7 بقیہ 23)

گزشتہ حکومت میں ایک لاکھ ادویات کی قیمتوں میں 30 فیصد اضافہ

حکومت کسی بھی دوا کی قیمت کو باقاعدہ کنٹرول نہیں کر سکی، میڈیکل اسٹور مالکان

اسلام آباد (آن لائن) میڈیکل سٹور مالکان نے ادویات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا سارا ملبہ پی ڈی ایم حکومت پر ڈال دیا۔ میڈیکل اسٹور مالکان کا کہنا ہے کہ پی ڈی ایم کی 16 ماہ کی حکومت میں ایک لاکھ ادویات کی قیمتوں میں 14 سے 30 فیصد اضافہ ہوا، (باقی صفحہ 7 بقیہ 27)

راجہ پرویز اشرف کا بچوں پر تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان پر اظہار تشویش

رانی پور میں معصوم بچی کی ہلاکت کے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ بچی کی ہلاکت پر دل انتہائی رنجیدہ ہے، واقعہ کا نوٹس

بچوں کے حقوق وتحفظ کے لیے بیشتر اہم اقدامات کیے، بچے ہمارا مستقبل، تحفظ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کا بچوں پر تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان پر اظہار تشویش کرتے ہوئے رانی پور میں معصوم بچی کی (باقی صفحہ 7 بقیہ 26)

کمانڈنگ آفیسر پی این ایس سیف، یو اے ای نیوی کو بریفنگ دے رہے ہیں

سیاسی سفر کی ابتداء آپ کی سرپرستی چاہتا ہوں، نگران وزیر اعظم کا شجاعت کو فون

تمام سیاسی قوتوں کو ساتھ لے کر چلیں، عوام مہنگائی کے ہاتھوں پریشان ہیں، تدارک کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں، شجاعت کا مشورہ

نگران وزیر اعظم سے چیئرمین سینیٹ اور ڈاکٹر جمال ناصر کی ملاقات، اعتماد پر پورا اترنے کی پوری کوشش کریں گے، انوار الحق کاکڑ

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے وزیر پرائمری ہیلتھ پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ/خبرنگار) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے چوہدری شجاعت حسین سے ٹیلی فونک (باقی صفحہ 7 بقیہ 33)

اسلام آباد: چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کو اقلیتی وفد سوینیئر پیش کر رہا ہے

جسٹس (ر) مقبول باقر نے نگراں وزیر اعلیٰ سندھ کا حلف اٹھا لیا

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کو وزیر اعلیٰ ہاؤس میں گارڈ آف آنر پیش کیا

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر ہاؤس سندھ میں جسٹس (ر) مقبول باقر نے نگراں وزیر اعلیٰ سندھ کا حلف اٹھا لیا۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نگراں وزیر اعلیٰ سندھ سے حلف لیا۔ تقریب میں مختلف ممالک کے سفارتکار، اعلیٰ سول وعسکری حکام سمیت سیاسی و سماجی (باقی صفحہ 7 بقیہ 21)

نگراں حکومت کو کام کرنے سے روکا تو مشکلات ہوں گی، ہائیکورٹ

عدالت نے الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے ریمارکس دیئے کہ گر نگران حکومت پنجاب کو کام سے روکا گیا تو مشکلات ہوں گی، عدالت نے الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ستمبر کے پہلے ہفتے جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں نگراں حکومت (باقی صفحہ 7 بقیہ 34)

ایرانی وزیر خارجہ کی سعودی عرب آمد؛ اہم فیصلوں کا امکان

چین کی ثالثی میں سعودی عرب اور ایران کے درمیان سفارتی تعلقات کی بحالی پر اتفاق ہوا تھا

ریاض (نیوز ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان سعودی عرب پہنچ گئے اور اپنے ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے اہم ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کی بحالی کے حوالے سے بات چیت ہوئی۔ عرب (باقی صفحہ 7 بقیہ 35)

سانحہ جڑانوالہ کے مجرموں کو نشان عبرت بنایا جائے، سعد رفیق

جڑانوالہ میں قرآن پاک کے اوراق کی توہین مسلم مسیحی فسادات کروانے کی سوچی سمجھی سازش ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر و مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ جڑانوالہ میں قرآن پاک کے اوراق کی توہین مسلم مسیحی فسادات کروانے کی سوچی سمجھی سازش ہے، مذہبی غیرت کی آڑ میں مسیحی بستی اور عبادت گاہوں پر (باقی صفحہ 7 بقیہ 36)

پی آئی اے کے تمام بکنگ آفسز احتجاجاً بند کرنے کا فیصلہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) قومی ایئر لائن (پی آئی اے) نے تمام (باقی صفحہ 7 بقیہ 38)

پنجاب اور اسلام آباد پولیس بہتر تفتیش میں دیگر صوبوں سے پیچھے ہیں

کرائم سین کا تحفظ نہ ہونے سے شواہد ضائع ہو جاتے، عدالتوں میں ناقابل قبول شواہد پیش کرنے، پولیس تفتیش میں کمزوریوں کا ملزمان کو فائدہ ملتا ہے

سندھ نے علیحدہ سے خصوصی تفتیشی ونگ قائم کیا، خیبر پختونخوا میں بھی پولیس نظام کو کچھ بہتر کیا، پولیس آرڈر 2002ء کی منسوخی سے متعلق درخواستوں پر ریمارکس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان نے ایک مقدمے کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ پنجاب اور اسلام آباد پولیس بہتر تفتیش میں دیگر صوبوں سے پیچھے ہے۔ سپریم کورٹ میں پولیس آرڈر 2002ء کی منسوخی سے متعلق درخواستوں پر سماعت چیف جسٹس آف پاکستان کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دوران (باقی صفحہ 7 بقیہ 37)

اسلام آباد: خاتون اول بیگم شمینہ عارف علوی نمائش میں ملبوسات دیکھ رہی ہیں

سپریم کورٹ، فواد حسن فواد کی ضمانت منسوخی کی درخواست غیر موثر ہونے پر خارج

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے سابق وزیر اعظم کے (باقی صفحہ 7 بقیہ 24)

کراچی کے نالہ متاثرین کو معاوضے کی بقیہ رقم ایک ماہ میں ادا کرنے کی ہدایت

کراچی (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے کراچی کے نالہ متاثرین (باقی صفحہ 7 بقیہ 25)

بابر اعوان نے اسلام آباد کو صوبہ بنانے کا مطالبہ کر دیا

آئین کے آرٹیکل 15 میں لکھا ہے 342 ممبران صوبوں میں سے آئیں گے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینئر قانون دان اور تحریک انصاف کے رہنما بابر اعوان نے اسلام آباد کو صوبہ بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ سینئر قانون دان ڈاکٹر بابر اعوان نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسلام آباد کو صوبہ بنانے کا مطالبہ کر دیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ 30)

شاہ محمود، اسد عمر، فواد چوہدری، چیئرمین پی ٹی آئی کی بہنوں کی ضمانت میں توسیع

وائس چیئرمین پی ٹی آئی، اسد عمر کی جانب سے ایک اور عبوری ضمانت کی درخواست دائر

لاہور (خصوصی رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی واقعات میں نامزد تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی، اسد عمر، فواد چوہدری، چیئرمین (باقی صفحہ 7 بقیہ 29)

رضوانہ تشدد کیس، سول جج عاصم حفیظ کو او ایس ڈی بنا دیا گیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) کمسن ملازمہ رضوانہ پر تشدد کیس کی ملزمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ 39)

ٹی ٹی پی کے پاس نیٹو کا اسلحہ ہے، پاکستانی سفیر

ٹی ٹی پی جنگجو افغانستان سے انخلا کے وقت چھوڑے گئے ہتھیار استعمال کر رہے ہیں

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان کے سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور دیگر عسکریت پسند گروپ پاکستان میں (باقی صفحہ 7 بقیہ 28)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

مہنگائی کی چلچلاتی دھوپ نے عوام کو جھلسا دیا؛ وقار باجوہ

عام پاکستانیوں کو مایوسی اور محرومی کے جہنم سے باہر نکالنا اور فوری ریلیف دینا ہوگا

لاہور (خبرنگار) انٹرنیشنل میڈیا کنسلٹنٹ ریسرچ سوسائٹی پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیئرمین رائٹس موومنٹ یورپ کے صدر وقار احمد باجوہ نے کہا کہ پاکستان میں مہنگائی کا سورج سوا نیزے پر آنے سے مفلس عوام بری طرح جھلس گئے ہیں۔ عام پاکستانیوں کو مایوسی اور محرومی کے جہنم سے باہر نکالنا اور انہیں فوری ریلیف دینا ہوگا۔ حکومتی نظام کسی کو عوام کے بنیادی حقوق پر شب خون مارنے، انہیں بنیادی ضروریات سے محروم انہیں ان کا استحصال کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ پٹرول بم بار بار گرنے سے گھر گھر صف ماتم بچھ جانا فطری امر ہے۔ پٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے سے مہنگائی کا سیلاب امڈ آتا ہے اور بنیادی ضروریات زندگی عام آدمی کی دسترس سے مزید دور ہو جاتی ہیں۔ دوا اپنے آغاز میں مختلف دکھوے بات چیت کر رہے تھے۔ وقار احمد باجوہ نے مزید کہا کہ انٹرنیشنل میڈیا کنسلٹنٹ رائٹس موومنٹ کی قیادت سے عوام کا بھوک سے بلکتا دیکھا نہیں جاتا، وہ بیچارے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر موت کی آغوش میں جا رہے ہیں۔

پٹرول میں اضافے سے مہنگائی کا قہر ٹوٹ پڑا ہے؛ چوہدری سرفراز

اساتذہ کے لیے سفید پوشی کا بھرم رکھنا محال ہو چکا ہے، رانا لیاقت علی

لاہور (خبرنگار) پنجاب لیکچرز یونین کے مرکزی صدر چوہدری سرفراز، رانا لیاقت، سعید ملہار، رانا انوار، نادیہ جمشید، ملک مستنصر بالشہ اعوان، آغا سلامت، چوہدری محمد علی، میاں ارشد، راناالیاس، چوہدری عباس، طارق زیدی، مرزا طارق، رانا خالد، طاہر ارسلام، فخار اعوان، نذیر محمد، اختر بیگ ودیگر نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ماہ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافے نے ملازمین پر مہنگائی کا قہر توڑ پڑا ہے اساتذہ کے لیے سفید پوشی کا بھرم قائم رکھنا محال ہو گیا ہے حکومت نے اگر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی نہ کی تو اساتذہ سمیت سرکاری ملازمین بھیک مانگنے پر مجبور ہوں گے گزشتہ ڈیڑھ سال میں ریکارڈ مہنگائی ہوئی لیکن تنخواہوں وپنشن میں اضافہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے برابر کیا گیا جبکہ پیٹرولیم بلز، آمدورفت، مکانات کے کرایوں میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے لہذا وزیر اعظم پاکستان اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے مطالبہ ہے کہ ملازمین کی تنخواہوں وپنشن میں کم از کم 50 فیصد اضافہ کیا جائے تاکہ ملازمین مہنگائی کے طوفان کا مقابلہ کر سکیں ورنہ ملازمین سڑکوں پر احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

لاہور: ایک لڑکی شاکر کلی میوزیم میں پینٹنگ کی نمائش دیکھ رہی ہے

جڑانوالہ واقعہ پر پولیس کا کردار افسوسناک ہے؛ مولانا عمیر مہند

جب شہر میں اتنا بڑا سانحہ رونما ہوا تھا تو پولیس کہاں غائب تھی؟ رہنما ہے یوآئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور کے سالار مولانا محمد عمیر مہند نے کہا ہے کہ جڑانوالہ واقعہ پر پولیس کا کردار افسوسناک ہے، جڑانوالہ واقعہ کے موقع پر پولیس کیوں خاموش تماشا بنی رہی اس کی مکمل تحقیقات کرائی جائے، جب شہر میں اتنا بڑا سانحہ رونما ہوا تھا تو پولیس کہاں غائب تھی؟۔ ڈی پی او سٹی کی اطلاعات جمعیت علمائے اسلام سٹی لاہور کی منظور الحسن چترالی کی طرف سے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جڑانوالہ واقعہ پر کئی سوالات جنم لے رہے ہیں کہ آخر پولیس کا ادارہ اتنے بڑے واقعہ کو کنٹرول کرنے میں کیوں ناکام رہا جب لوگ احتجاج کیلئے اکٹھے ہو رہے تھے تو اس کی اطلاع کیا پولیس تک نہیں پہنچی؟، ہنا خیر جڑانوالہ میں پولیس کی نااہلی اور نااہلی مکمل کرسامنے آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی ناحق شخص کی جان لینے والے پہلے والی جاری کو ٹیسٹ کرنے کا نظام دوبارہ ترتیب دیا جائے گا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر انور سے ولڈ بیلنٹہ آرگنائزیشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سراج الحق کی اپیل پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف بھرپور احتجاج کیا جائے گا

کوئی پوچھنے والا ہی نہیں صرف جماعت اسلامی نے ملک وقوم کو درپیش مسائل کے گرداب سے نکال سکتی ہے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصموری نے کہا کہ نگران حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں مسلسل اضافے کے خلاف امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق کی اپیل پر لاہور سمیت پورے صوبے میں 18 اگست کو جمعہ المبارک کے روز بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ جس میں ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والا شخص کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ عوام جب تک مہنگائی کے خلاف سڑکوں پر نہیں نکلیں گے اس وقت تک حکومت بے حسی کا مظاہرہ کرتی رہے گی۔ ٹرانسپورٹروں نے بھی کرایوں میں 30 فیصد تک اضافہ کر دیا ہے، جس سے عوام کی مشکلات اور بڑھ گئیں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف پریوگرامات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی حکومت نے رخصت سے چند دن قبل بجلی کی قیمت میں فی یونٹ 8 روپے 96 پیسے اضافے کے ساتھ 15 روپے ریڈیو فیس کو بھی بجلی کے بلوں میں شامل کر دیا تھا۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ شاہانہ اخراجات کا خاتمہ کیا جائے۔ سیکورٹی، پروٹوکول اور سرکاری مراعات کے نام پر قومی خزانے سے اربوں روپے خرچ کر دیئے جاتے ہیں اور کوئی پوچھنے والا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سبھی بجلی اور گیس کی بدولت مستحق شعبہ شدید متاثر ہوا ہے۔

سی پی او لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ تاجروں کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں

صوبائی دارالحکومت کے تھانوں اور آرائش میں تعاون کی پیشکش

پبلک پولیس پارٹنرشپ کے تحت ترقیاتی امور کو قانونی حیثیت دینے پر غور؛ ان ماحول سے معاشی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی، ہی سی پی او لاہور

لاہور (خبرنگار) سینٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ سے تاجروں اور بزنس کمیونٹی کے نمائندوں کے وفد کی وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبائی دارالحکومت کے تھانوں کی تزئین و آرائش اور تعمیراتی کام کے حوالے سے پبلک پولیس پارٹنرشپ کے تحت ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جاتیر کمیونٹی نے صوبائی دارالحکومت لاہور کے تھانوں کی تزئین و آرائش میں تعاون کی پیشکش کی۔ ملاقات میں سٹیزن پولیس لائزن کمیٹی کے تحت ترقیاتی کام سے متعلق مشاورت کی گئی اور ملاقات میں پولیس آرڈر کے تحت پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ترقیاتی امور کو قانونی حیثیت دینے پر غور کیا گیا۔ سینٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ نگران حکومت کے وزیر اعلیٰ محسن نقوی کے وژن کے مطابق ہی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ تاجروں کے وفد سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کر رہے ہیں

ایل ڈی اے ٹیموں کی جوبلی ٹاؤن میں آپریشن

ایل ڈی اے عملے نے متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار و سربمہر کر دیں۔ کمشنر لاہور

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے عمر علی رندھاوا کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں نے فیروز پور روڈ اور کنگ ولڈ ایریا میں غیر قانونی تعمیرات و غیر قانونی کمرشلائزیشن کے خلاف آپریشن کر کے متعدد غیر قانونی تعمیرات مسمار و سربمہر کر دیں۔ آپریشن ایڈیشنل ڈی جی پبلک کمیونٹی (ٹرانسپورٹ) ثناء امیر اقبال کی نگرانی میں ڈائریکٹر ہلال چانگ سیون سید علی عباس نے کیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے آپریشن کے دوران پلاٹ نمبر 622/ 5 مارلہ ون پر غیر قانونی تبدیلی کرنے پر شٹر مسمار کر دیئے۔ پلاٹ نمبر 283/ 2 مارلہ پر غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا۔ پلاٹ نمبر 255/ 2 مارلہ ون پر غیر قانونی تبدیلی کرنے پر شٹر مسمار کر دیا۔ پلاٹ نمبر 55/ 17 مارلہ ون پر تجاوزات بنانے پر سربمہر کر دیا۔ کچا چیل روڈ پر تجاوزات بنانے پر شٹر مسمار کر دیا۔ کچا چیل روڈ فلائی اوور کے قریب پرانی پر جاری غیر تجاوزات کی تعمیر مسمار کر دی۔ کچا چیل روڈ فلائی اوور کے قریب واقع پلاٹ پر چہ خانے کی غیر قانونی تعمیر مسمار کر دی گئی۔ سیمونڈ فیکٹری، فیروز پور روڈ کے قریب غیر قانونی کمرشل دکانوں کا شٹر مسمار کر دیا گیا۔ پاک عرب کے قریب فیروز پور روڈ پر غیر قانونی تعمیر اتبدیلی کر کے پر مارکیٹ مسمار کر دی۔ احمد خان مارٹ فیروز پور روڈ کو غیر قانونی کمرشل استعمال تبدیلی کرنے پر سیل کر دیا۔

کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کا سی سی پی او لاہور کے ہمراہ رات گئے شاہدرہ فلائی اوور اور امامیہ کالونی پر انجیکٹس کا دورہ

شاہدرہ فلائی اوورز منصوبہ تیزی کے تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق میں کام میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے، کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا

دونوں منصوبوں کے گرد ٹریفک پولیس کی مدد سے بہتر ٹریفک مینجمنٹ پلان بنایا جائے، کمشنر لاہور و ڈی جی ایل ڈی اے کی ہدایت

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے عمر علی رندھاوا نے سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کے ہمراہ رات گئے شاہدرہ فلائی اوور اور امامیہ کالونی پر انجیکٹس کا دورہ کیا۔

کمشنر لاہور کا احسن اقدام، عالمی سنوکر چیمپئن احسن رمضان کو سبزہ زار سپورٹس کمپلیکس کی اعزازی ممبر شپ دیدی گئی

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر حالی سنوکر چیمپئن احسن رمضان کو سبزہ زار سپورٹس کمپلیکس کی اعزازی ممبر شپ دیدی گئی۔ ڈائریکٹر سپورٹس ایل ڈی اے عبید اقبال نے عالمی چیمپئن کا اسپورٹس کمپلیکس آمد پر استقبال کیا۔ احسن رمضان نے سپورٹس کمپلیکس سبزہ زار میں پریکٹس کی۔

کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا کا ایل ڈی اے ون ونڈ وسیل کا دورہ

اور سیز پاکستانیوں کے لیے قائم کاؤنٹر کو مزید بہتر کیا جائے، کمشنر لاہور

لاہور (خبرنگار) کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کمشنر روڈ ایل ڈی اے ون ونڈ وسیل کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے نے اور سیز کاؤنٹر، سینٹر سٹیزن کاؤنٹر و دیگر کاؤنٹرز کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے حالیہ دورہ کی روشنی میں کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے نے ون ونڈ وسیل میں آئے شہریوں سے ان کے مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ کمشنر لاہور وڈی جی ایل ڈی اے نے ڈائریکٹر ون ونڈ و کو ہدایت کی کہ ون ونڈ وسیل پر آئی بزرگ خاتون کا مسئلہ حل کر کے ان کو دستاویزات گھر ڈیلور کرائے جائیں۔ اور سیز پاکستانیوں کے لیے قائم کاؤنٹر کو مزید بہتر کیا جائے۔ ون ونڈ وسیل پر آئے شہریوں کے مسائل خود کار طریقے سے حل ہونے چاہیے۔ ون ونڈ وسیل پر شہریوں کی مدد و راہنمائی کے لیے خصوصی ٹیم تعینات کی جائے۔ شہریوں کو اپنی درخواستوں کی پراسیسنگ کے لیے بلا وجہ انتظار نہ کرنا پڑے۔ ون ونڈ وسیل سے متعلقہ درخواستوں پر کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈی جی ہاوسنگ کمیٹیاں (ر) شاہنیہ اقبال، ڈائریکٹر ڈی جی ہیڈ کوارٹر آصف حسین ودیگر افسران موجود تھے۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:01
فجر	4:45
ظہر	1:30
عصر	5:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے ایکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

جڑانوالہ کا واقعہ ہر لحاظ سے قابل مذمت ہے؛ متحدہ علماء کونسل

پرامن احتجاج عوام کا حق ہے، اسلام تشدد اور عاجلانہ بوں پر حملے کی اجازت نہیں دیتا علماء کا مشترکہ بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) متحدہ علماء کونسل پاکستان کے چیئرمین مولانا عبدالرؤف ملک، مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار محمد خان لغاری، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا محمد راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی، مولانا ڈاکٹر ملک محمد اقدام کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور ہم اس کا مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس واقعہ کے اصل حقائق سامنے لائے اور واقعہ میں ملوث عناصر کو سخت سے سخت سزا دے کر نشان عبرت بنائے اور جن بے گناہ شہریوں کے گھروں کو نقصان پہنچایا گیا ہے۔

کابینہ میں نامعلوم کا سوار افراد کی فائرنگ، موٹر سائیکل سوار جاں بحق

لاہور (کرائم رپورٹر) کابینہ کے علاقے میں نامعلوم کا سوار افراد کی فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گیا، جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہو گئے، اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے دریدہ دہنی سمیت دیگر پہلوؤں پر تفتیش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق کابینہ کے علاقے کاچھا چوک کے قریب نامعلوم کا سواروں نے موٹر سائیکل سوار پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ فائرنگ سے قریبی دکان کے شیشے بھی ٹوٹ گئے اس دوران ملزمان ہوائی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے دریدہ دہنی سمیت دیگر پہلوؤں پر تفتیش شروع کر دی پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق کی شناخت اکبر علی ولد شاہ محمد کے نام سے ہوئی ہے جو بالا کوہ کا رہائشی تھا، متقول کی جیب سے شناختی کارڈ اور پیل لائسنس کا کارڈ برآمد ہوا ہے۔

جی پی ایف اے کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں کی شاہراہوں پر پارٹی کلچر کا کام شروع

لاہور (سٹیشن رپورٹر) ڈی جی پی ایف اے محمد طاہر فوٹے کے ایکشن پر شہر کے مختلف علاقوں کی شاہراہوں پر پارٹی کلچر کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ گرین ٹاؤن، ظہیر الحق روڈ، نیو کیمپس، فیروز پور روڈ، میں بلیوارڈ فیصل ٹاؤن کی گرین بیلٹس کی خوبصورتی کیلئے پھولوں کی بیزری اور گھاس کی ٹریمنگ کا کام ہو رہا ہے۔

ریڑھی بانوں، چھوٹے کاروبار کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کاوش

چھوٹے کاروبار کی میڈیکل سکریننگ فیس کم کرنے، ریڑھی بانوں کے لیے مفت سہولت پر کام جاری

لاہور (خبرنگار) ریڑھی بانوں، چھوٹے کاروبار کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کاوش۔۔ چھوٹے کاروبار کی میڈیکل سکریننگ فیس کم کرنے، ریڑھی بانوں کے لیے مفت سہولت پر کام جاری۔ ڈیلیوا ایچ او کی مدد سے خوراک کی مدد سے پھیلنے والی بیماریوں کو ٹیسٹ کرنے کا نظام دوبارہ ترتیب دیا جائے گا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ جہانگیر انور سے ولڈ بیلنٹہ آرگنائزیشن کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کہا ڈیلیوا ایچ او کی مدد سے خوراک کی مدد سے پھیلنے والی بیماریوں کو ٹیسٹ کرنے کا نظام دوبارہ ترتیب دیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق چھوٹے کاروبار کی میڈیکل سکریننگ فیس کم کرنے، ریڑھی بانوں کے لیے مفت سہولت پر کام جاری۔ ڈیلیوا ایچ او کی مدد سے خوراک کی مدد سے پھیلنے والی بیماریوں کو ٹیسٹ کرنے کا نظام دوبارہ ترتیب دیا جائے گا۔ خوراک کی مدد سے پھیلنے والی بیماریوں کو پھیلاؤ کو روکنے کے لیے فوڈ ورکرز کی سکریننگ کی جائے گی۔

پنجاب میں مقامی حکومتوں کے قیام کیلئے فوری انتخابات کروائے جائیں، ایس ڈی ایف

انتخابات نہ کروا کر آئین پاکستان کی مسلسل پامالی کی جا رہی ہے

لاہور (خبرنگار) پنجاب میں مقامی حکومتوں کے قیام کیلئے فوری انتخابات کروائے جائیں، انتخابات نہ کروا کر آئین پاکستان کی مسلسل پامالی کی جا رہی ہے اس معاملے کا اظہار سول سوسائٹی تنظیموں نے ایک سیمینار میں کیا مشترکہ نے متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 7، 32 اور A-140 کی پاسداری کرتے ہوئے پنجاب میں فوری طور پر مقامی حکومتیں قائم کی جائیں۔ ان اسٹرکل فار اکاپہ ورمنٹ اور سکسٹ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن نے باہمی اشتراک سے کیا۔ سیمینار سے اظہار خیال کرتے ہوئے ماہر بلدیات زاہد اسلام ایگزیکٹو ڈائریکٹر SDF نے کہا کہ آئین پاکستان آرٹیکل 7 کے مطابق "ریاست میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مقامی ادارے ہوں گے" اس آرٹیکل کی مزید وضاحت کرتے ہوئے سپریم کورٹ آف پاکستان نے پنجاب کیس 2021 میں قرار دیا کہ مقامی ادارہ وں سے مراد مقامی حکومتیں ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہ ہمارے ملک میں مقامی حکومتیں نظر انداز کیا گیا موضوع ہے۔

قومی زبان اردو کے نفاذ کے بغیر ملکی ترقی ممکن نہیں

نفاذ اردو کیلئے حکومتی سطح پر سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے

لاہور (خبر نگار) اہلی مرکز قومی زبان و امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈوکیٹ نے کہا ہے کہ قومی زبان اردو کے نفاذ بغیر ملک وقوم کی ترقی ممکن نہیں۔ سپریم کورٹ کے بعد لاہور ہائیکورٹ کا بھی ملک میں فوری طور پر اردو زبان کے نفاذ کا حکم خوش آئند ہے۔ قومی زبان کے نفاذ میں رکاوٹیں پیدا کرنیوالے حکمران طبقہ آئین پاکستان اور اعلیٰ عدلیہ کے فیصلوں سے انحراف کر رہا ہے۔ جماعت اسلامی قومی زبان کی ترویج کیلئے ہر سطح پر سرگرم ہے قومی زبان کے نفاذ کا مقصد ہی قومی ترقی اور قوموں کو مہذب ہونے سے ہے۔ دنیا میں ترقی اور قومیں کو مہذب ہوئی ہیں جنہوں نے قومی زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا ہے۔

سی سی پی او لاہور کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

سہکاریوں کے ہینڈلرز کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے، ہوائی فائرنگ کے ایریاز کی نشاندہی کر کے مارگلڈ آپریشن کیا جائے

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) سینٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں اشتہاری و عادی مجرمان، منشیات فروشوں، سمگلری مافیا کی گرفتاری اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں منشیات فروشوں کی گرفتاری، نشہ کے عادی افراد کی بحالی سنٹرز متعلق اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کے حوالے سے کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے پولیس فورس کو منشیات فروشوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کومبنگ آپریشنز کرنے کی ہدایت کی اور ٹریک سگنلز پر سرگرم سمگلری مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سمگلروں کے ہینڈلرز کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ اپنے اوگرد رنشہ کرنے والے افراد کی موجودگی کی اطلاع فوری کو منشیات فروشوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کومبنگ آپریشنز

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3/18 اگست 2023)

زندہ قومیں آباؤ اجداد کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں

رانا تنویر حسین

ملک بھر کی طرح تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شرقپور شریف میں بھی 14 اگست کے روز جشن آزادی کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، مہمان خصوصی سابق وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین تھے دیگر شریک تھے، کیک بھی کاٹا

شرقپور شریف (نامہ نگار) زندہ قومیں اپنے قومی تہوار کو جشن و جذبہ اور عقیدت سے بڑی دھوم دھام سے مناتی ہیں اور اپنے آباؤ اجداد کی لازوال قربانیوں کی تاریخ کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں یوم آزادی کے سلسلہ میں ملک بھر کی طرح تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شرقپور شریف میں بھی 14 اگست کے روز جشن آزادی کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی سابق وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین تھے اہم اہل تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شرقپور شریف میں اقبال ہیڈ نرس میڈم سفینہ سناف نرسز فناس افسر محترمہ مان شاہ سالگرہ کا کیک پر موقار تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شرقپور شریف محترمہ فاطمہ ارشد اور دیگر معززین بھی اس شاندار تقریب میں شریک ہوئے رانا تنویر حسین نے قومی سبز ہلالی پرچم کو لفظا میں لہرایا تو تقریب سے تمام شرکاء نے یک زبان ہو کر پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے معزز مہمانوں کے لیے پاکستان کی 76 ویں سالگرہ کا کیک پر قومی رنگ کا بنا ہوا ایک بھی کاٹا گیا جس سے مہمانوں کی تواضع کی گئی معزز مہمانوں نے ہسپتال میں مریضوں کی عیادت بھی اس شاندار تقریب میں بھی تقسیم کیے تاکہ وہ بھی آزادی کے اس پر مسرت موقع پر اپنے پاکستانی بھائیوں سے مل کر قومی دن منائیں۔

اب گاؤں چمکیں گے" پروگرام وزیراعلیٰ کا انقلابی اقدام ہے، محمد حنیف

پروگرام کے تحت ہر یونین کونسل میں ایک لوڈر رکشہ اور 3 سینٹری ورکرز تعینات کیے جائینگے

نکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) اب گاؤں چمکیں گے" پروگرام عثمان وزیراعلیٰ پنجاب کا انقلابی اقدام ہے، اس پروگرام کے تحت ہر یونین کونسل میں ایک لوڈر رکشہ اور 03 سینٹری ورکرز تعینات کیے جائیں گے جو روزانہ کی بنیاد پر ہر گاؤں میں صفائی ستھرائی کے خصوصی اقدامات کریں گے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نکانہ محمد حنیف نے ان خیالات کا اظہار عثمان پنجاب حکومت کے "اب گاؤں چمکیں گے" پروگرام کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نکانہ اللہ توکل ڈوڈی، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نکانہ شہزاد اکرم، اسسٹنٹ کمشنرائج آر ایم، ریونیو افسران بھی اس موقع پر موجود تھے جبکہ اسسٹنٹ کمشنر کاٹھ زوہیب شیخ اور اسسٹنٹ کمشنر انگلہ قمر ممتاز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

جڑانوالہ واقعہ، مسیحیوں کے گھر جلانے کے واقعے کی مذمت کرتے ہیں، بابر انتظار گل

سمندری (نظیم رضا راول سے) جڑانوالہ میں چرچ سے حرمتی، مسیحیوں کے گھر جلانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور طوث افراد کیخلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار اقلیتی تحفظ پاکستان کے مرکزی چیئرمین بابا انتظار گل نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کیلئے یہ واقعہ باعث افسوس، قابل مذمت اور باعث ندامت ہے، پنجاب حکومت واقعے کی فوری نوٹس لیکر قانون ہاتھ میں لینے والوں کو قانون کی گرفت میں لائے۔ انہوں نے کہا کہ مقامی آبادی کو تحفظ دیا جائے، جلائے جانیوالے چرچ اور گھروں کی فوری بحالی کو یقینی بنایا جائے اور آئندہ اس طرح کے سانحات سے بچنے کیلئے بین المذاہب سیمینار منعقد کروائے جائیں۔

تھانہ ملت ٹاؤن میں ناجائز فروشوں کا گھر میں گھس کر خواتین پر تشدد

ایس ایچ او علی اکبر نے عوام کو مجرموں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا، محمد رفیق

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) تھانہ ملت ٹاؤن کے علاقے کے شریف شہری پریشان، ناجائز فروشوں کا گھر میں گھس کر خواتین پر تشدد، کپڑے پھاڑ دیے، ایس ایچ او علی اکبر نے عوام کو مجرموں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا، مس آباد کے رہائشی محمد رفیق نے پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ میرے گھر پر ناجائز فروش، ثنائی، فیصل نے محترمہ فیض کے گھر میں داخل ہو کر عورتوں پر تشدد کپڑے پھاڑ دیے بمثل کے بٹ بگھونے اور لاتوں سے مارتے رہے۔ جگی کے مارے بزرگ خالد محمود نے بچانے کی کوشش کی تو خالد کو تشدد کا نشانہ بنایا، دانت توڑ ڈالا اور اپنے ڈیرے پر مارتے ہوئے اور اسلحہ ہوا میں لہراتے ہوئے فائرنگ کرتے ہوئے لے گئے، مکان مس آباد میں کے ناجائز فروش بھی، شراب فروخت کے لوگوں سے پتہ چلا ہیں اور کئی شرفا کو فائز ماریچکے ہیں روز مرہ کا کام ہے کہ شریف لوگوں کو بے عزت کرنا ان کا وطیرہ ہے پولی خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہے، ایس ایچ او علی اکبر جو تجیہ خاوں، ناجائز فروشوں سے منتقل لاکھوں میں وصول کر کے خاموش ہے، رشوت خور کرپٹ ایس ایچ او علی اکبر کو فوری معطل کیا جائے تاکہ علاقہ ملت ٹاؤن سکون کا سانس لے سکے، ایس ایچ او علی اکبر سے عوام کو بچایا جائے۔

ڈپٹی کمشنر کی صدارت ڈینگی تدارک سے متعلق اجلاس

قصور (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت ڈینگی تدارک اور اسکی روک تھام کے حوالے سے جاری اجلاس۔ ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت ڈینگی تدارک اور اسکی روک تھام کے حوالے سے جاری اجلاس کو شروع کیا گیا جس میں متعقدہ اجلاس میں ای او ایلیٹ ڈاکٹر لائق چودہری، ڈی ایچ او ڈاکٹر حفیظ الرحمن، ڈاکٹر فاروق احمد، ڈسٹرکٹ ایپنا ہوسپٹ محترم امر ابراہیم، ایم ایس بابا بلھے شاہ ڈسٹرک ہسپتال ڈاکٹر فاروق عالم سمیت دیگر تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو ڈینگی تدارک سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ڈینگی تدارک کارائیوں کو مزید تیز کیا جائے۔

تعزیفی سرٹیفکیٹ ملنے پر حماد حسن کا مشکور ہوں، غلام رسول

بہالنگر (ڈسٹرک رپورٹر قوت) اسٹیشن ماسٹر بہالنگر ریلوے غلام رسول ڈوگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈی ایس ریلوے ملتان ڈویژن حماد حسن مرزا کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے مجھے نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹ کے سے نوازا گیا۔ اسٹیشن ماسٹر غلام رسول نے مزید کہا کہ اپنے سینئر افسران کی ہر ہدایت پر اسی طرح اپنی محکمہ ریلوے کی بہتری کے لیے دل و جان سے کام کرتا رہوں گا اور کہا کہ میں واحد اسٹیشن ماسٹر ہوں جس نے TA/DA کے بغیر بہالنگر مدرسہ میں عملی جگہ (OPEN SPACE) کے سلسلے میں ایک بڑی فرم وصول کی ہے۔

ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ وارننگ کا ڈسٹرکٹ پاکپتن کا دورہ

کسان کیپاس پر حملہ کرنے والے کیڑوں کی بروقت دیکھ بھال کیلئے بہتریں سپرے کریں

عارفوالا (نمائندہ قوت) ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ وارننگ ذوالفقار علی نوری نے ڈسٹرکٹ پاکپتن کا بیکاپی دورہ کے انہوں نے ضلع پاکپتن میں مقامی محلہ کے ساتھ کپاس کی فصل جائزہ لیتے ہوئے موقع پر زمینداروں کو کپاس پر حملہ کرنے والے کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں سے بچاؤ کے حوالہ سے تھیحت کی کہ کپاس پر حملہ کرنے والے کیڑوں کی بروقت دیکھ بھال کیلئے بہترین سپرے کریں تاکہ کیڑے مکوڑوں کے حملے سے بچا جاسکے علاوہ ازیں انہوں نے SP/36 کے واقع آئی پی ایم ٹرائیکی پلانٹ کا دورہ کیا جہاں پر زمیندار سبزی بیل جیسے پتنگی کوری کو بنایا کہ وہ اس وقت 25 من فی ایکڑ کپاس حاصل کر چکا ہے جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ وارننگ ذوالفقار علی نوری نے کہا کہ زمینداروں تک معیاری زرعی ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے زرعی ادویات کی مارکیٹ کا دورہ کرتے ہوئے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہیلتھ وارننگ ساہیوال ڈویژن کی بہترین کارکردگی بارے بات چیت کی اور انہوں نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہیلتھ وارننگ پاکپتن میاں ظہور اور انکی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر ضلع بھر میں کسانوں کے ساتھ رابطہ بنائے رکھنے میں اور انکی بہترین فصل کی پیداوار کے لئے دن رات کوشاں ہیں۔

یوم آزادی سے متعلق پریس کلب تحصیل سانگلہ (رجسٹرڈ) ایکرا کا جلاس

جلاس میں جشن آزادی کا کیک کاٹا گیا اور ملک پاکستان میں امن وامان اور سلامتی کیلئے دعائیں کی گئیں

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) پاکستان کی 76 ویں یوم آزادی کے حوالے سے پریس کلب تحصیل سانگلہ (رجسٹرڈ) ایکرا اور یونین آف جرنلسٹ کا جلاس منعقد کیا گیا جس میں صحافی برادری نے بھرپور شرکت کی، اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا اجلاس میں جشن آزادی کا کیک کاٹا گیا اور ملک پاکستان میں امن وامان اور سلامتی کیلئے دعائیں کی گئیں اجلاس سے مزار عارف صدیق، چوہدری ارمان اور میں چٹھہ ایڈووکیٹ محمد شہباز مرزا اور صدر پریس کلب فیصل علی راجپوت نے خطاب کیا، مقررین نے آزادی کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے پلیٹ میں پلیٹ رکھ کر نہیں دیا اسکے لیئے بڑی قربانیاں دی گئیں پھر کہیں جا کر آزادی ملی نمدہ قومیں اپنی آزادی کا جشن پرجوش انداز سے منائی جاتیں عزتیں، گھر بار کی قربانیاں دینے کے بعد آج ہم اس آزاد ملک میں زندگی گزار رہے ہیں جس اپنی آنیوالی نسلوں کی آزادی کے لیئے کوا ہرکرنا چاہئے اس پاک وطن کیلئے ہمارے خونوں کا آخری قطرہ بھی حاضر ہے ہمیں پاکستان کی ترقی وسالمیت کیلئے اپنے کردار ادا کرنا چاہیئے

تھانہ اسلام پورہ کے حوالے سے ایس ایچ او کا بیان

نکانہ صاحب (نمائندہ قوت چوہدری محمد عرفان گجر) تھانہ اسلام پورہ کے حوالے سے ایس ایچ او کا بیان کہ ہمارے تھانہ کی حدود میں کوئی منشیات فروش نہیں ہے اور نہ ہی کوئی منشیات فروش کا کاروبار ہوتا ہے ہم اس کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہیں اور ہم نے اپنے تھانہ میں ڈیوٹی پر ایک ایسا کانسٹیبل رکھا ہوا ہے جو کہ منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتا ہے

DAILY QUWAT اڈیٹوریل

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

نگران حکومت کا اقتصادی پروگرام

پی ڈی ایم دور حکومت کے 16 ماہ میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ بیل آؤٹ پیکیج کا معاہدہ طے پانے میں طویل عرصہ تاخیر کی نذر ہوگیا جو ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر اور زرمبادلہ کے ذخائر میں گراوٹ کی وجہ بنا۔ اس کے اثرات عام اور غریب آدمی پر مزید مہنگائی کی صورت میں پڑے جس سے اس کا معاشی حالت غیر ہوگئی اور دو وقت کی روٹی کا حصول چیلنج بن گیا۔ اس وقت ملک میں مہنگائی کی شرح تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے اور دوسرے معاشی اشاریے بھی گراوٹ کا شکار ہیں۔ جہاں گذشتہ 16 مہینوں میں ڈالر کی قیمت میں 100 روپے سے زائد کا اضافہ ہوا، بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتیں ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ گیس مجوزاً کی ڈیزل کی قیمت میں ساڑھے سات روپے، کم از کم اُجرت کو بیٹرول 19 روپے 95 پیسے اور ڈیزل 90 روپے 90 پیسے فی لیٹر مزید مہنگا ہوگیا۔ گذشتہ روز بیٹرول 17 روپے 50 پیسے اور ڈیزل کی قیمتیں 20 روپے فی لیٹر مزید بڑھ گئیں۔ اس وقت بیٹرول کے نرخ 290 روپے 40 پیسے اور ڈیزل 293 روپے 40 پیسے پر پہنچ چکے ہیں اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر 300 روپے سے تجاوز کرچکی ہے، ان حالات میں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی اعلیٰ سطحی اجلاس کے توسط سے بیان سامنے آیا ہے۔ انھوں نے متعلقہ اداروں اور محکموں کو عوامی فلاحی منصوبوں پر کام جاری رکھنے کی ہدایت کی اور صحت و تعلیم کے شعبوں میں بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے پر زور دیا انھوں نے پاور سیکٹر میں جاری اصلاحات تیز کرنے اور لنکس ریونیو بڑھانے کیلئے اقدامات پر سختی سے کاربند ہونے کی ہدایت کی، اس کے ساتھ ہی قومی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے پلیٹ فارم سے ملک میں نئے معاشی منصوبے لانے کو نگران حکومت کی اولین ترجیح قرار دیا۔ مختلف شعبوں میں جاری اصلاحات کے حوالے سے تفصیلی رپورٹس بھی طلب کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نگران حکومت اپنی محدود مدت میں ساری توانائی معیشت کی اصلاح پر صرف کرے گی اور ڈی ریگولیشن اور ذمہ دار خودمختاری پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ پی ڈی ایم حکومت آئی ایم ایف کے دباؤ پر اقتدار کے آخری دنوں میں جب توانائی کے نرخوں میں اضافے پر اضافہ کررہی تھی تو یہ خیال کیا جارہا تھا کہ نگران حکومت اسے مزید بڑھا دے گی۔ اس دیگل کے پیچھے ماضی کی مثبوری حکومتوں کا ذکر کیا جانا ضروری ہے جنھوں نے ہمیشہ مہنگائی کو کنٹرول میں رکھا۔ تحریک انصاف حکومت کے اختتام پر ملک میں مہنگائی کی شرح 12 عشاریہ 7 فیصد تھی جو پی ڈی ایم دور میں 29 فیصد پر پہنچ گئی۔ پی ٹی آئی کے اقتدار میں آنے سے پہلے (جون 2018 میں) ڈالر کی قدر 139 روپے، بجلی 54 ہزار روپے تولہ، مہنگائی 8 فیصد، اسٹیٹ بنک کے پاس زرمبادلہ کے ذخائر 14 ارب ڈالر، درآمدات 52 ارب جبکہ برآمدات 28 ارب ڈالر تھا۔ گذشتہ پانچ سال ارتھ معاشی صورتحال کے تناظر میں آئی ایم ایف کی طرف سے قرضوں کے اجرائی شرائط ہر مرتبہ پہلے سے زیادہ سخت واقع ہوئی ہیں۔ اگر انھیں زمینی حقائق سامنے رکھتے ہوئے طے کیا جائے تو اس سے آئی ایم ایف کے تحفظات بھی پورے ہوتے دکھائی دیتے اور محاصل کا حجم بھی تخمینوں سے زیادہ ہوا جبکہ ادیگر اقتصادی نہیں جن کے تحت ہر مرتبہ مہنگائی کے شائے جلتے کو زیر بار لانے کی بجائے ٹیکس نیٹ میں اضافہ اور مراعات یافتہ افراد سے سہولتیں واپس لینا حالات کا تقاضا ہے۔ نگران حکومت کے پاس نیکو کریٹس کی ٹیم ہے جو مہنگائی کی بچکی میں پسے ہوئے عوام کی مشکل آسان بنا سکتی ہے۔ اس کیلئے مراعات یافتہ طبقہ کو بجلی، گیس اور پیٹرول کی مفت فراہمی کا سلسلہ ختم کرنا ہوگا۔ مہنگائی کو مزید بڑھنے سے روکنا بھی نگران حکومت کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے۔

پاک ایران اسٹریٹجک معاہدہ اور سفری سہولیات

محمد ابراہیم خلیل

پاکستان اور ایران کے درمیان 5 سالہ اسٹریٹجک معاہدے کا طے پانا خوش آیند ہے جس میں باہمی تجارت کو 5 ارب ڈالر تک لے جانے کا طے کرتے ہوئے اس کا ہدف 10 ارب ڈالر تک کر دیا گیا ہے۔ باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ بعض منصوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں۔ یہ منصوبہ اگر 1980 اور 1990 کی دہائی میں عمل ہوجاتا تو خطرناک صورتحال سے بچا جا سکتا تھا۔ اب اس کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس سے بچت ہو جائی۔ لیکن ہمارے ہاں معاشی پالیسیوں میں دور اندیشی، مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے آغاز کے بعد ایران سے اس طرح کی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس سے بچت ہو جاتی۔ لیکن ہمارے ہاں معاشی پالیسیوں میں دور اندیشی، مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا اور مدنظر رکھتے ہوئے آغاز کے بعد ایران سے اس طرح کی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس سے بچت ہو جاتی۔ لیکن پاکستان عالمی رکاوٹوں کو سامنے رکھتے ہوئے اس منصوبے پر عمل درآمد سے گریزاں ہے۔ اس طرح پاکستان تیل کی خریداری سے بھی کنارہ کش رہا، جب کہ بھارت، ترکی و خطرہ ایرانی تیل کے خریدار ہے اور ترکی کو پیسے بھی سپلائی کی جاتی ہے، جب کہ ایران اس بات کا خواہاں ہے کہ پاکستان کو ایران توانائی ضروریات پوری کرنے کے لیے تیار ہے۔ معاہدے کے مطابق 6 راہداریاں بنائی جا رہی ہیں۔ ایک موقع پر سپہ سالار (ایران) کے گورنر کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان کے شاہراہی تجارت کے مواقع موجود ہیں۔ کراچی کے علاوہ بلوچستان میں کئی مارکیٹیں ایسی ہیں جہاں ایرانی مصنوعات کھلے عام فروخت ہو رہی ہیں۔ ایرانی تیل بھی غیر قانونی طور پر لا کر فروخت کیا جا رہا ہے۔ اب جب کہ پاک ایران سرحد پر 6 منڈیاں قائم کی جا رہی ہیں۔ اسی طرح ایندھن کی ترسیل کے لیے بھی 6 گزر گاہیں بنائی جا رہی ہیں، مذاکرات کے آغاز کے بعد ایران سے اس طرح کی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس سے بچت ہو جاتی۔ لیکن ہمارے ہاں معاشی پالیسیوں میں دور اندیشی، مستقبل کی منصوبہ بندی کرنا اور مدنظر رکھتے ہوئ

پاکستان سیریز قومی کرکٹرز سری لنکا پہنچ گئے

(سپورٹس ڈیسک۔قوت) افغانستان کے خلاف سری لنکا میں 22 اگست سے شیڈول سیریز کیلئے قومی کرکٹرز کولمبو پہنچ گئے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق قومی ٹیم کی تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز پر مشتمل سیریز کیلئے کرکٹرز کی روانگی 12 بجے علامہ اقبال ائیرپورٹ سے طے تھی۔ کیمپ میں شامل کھلاڑیوں کے ساتھ رضوان، شاہین، حارث، رطیب طاہر شامل ہیں جبکہ اسامہ میر اور شاداب خان انگلینڈ سے پہنچیں گے۔ لنکاشر پریمیئر لیگ میں شرکت کے بعد کپتان بابر اعظم، سم شاہ، محمد نواز، افتخار احمد، محمد حارث اور فرزان کولمبو میں ٹیم کو جوائن کریں گے۔ ایشیا کپ اور افغانستان کے خلاف ون ڈے سیریز کیلئے قومی ٹیم کا اعلان قومی ٹیم کا کولمبو میں جمعہ سے ترتیبی کیمپ کا آخری مرحلہ شروع ہوگا۔ واضح رہے کہ دونوں ٹیموں کے درمیان دو ون ڈے میچز 22 اور 24 اگست کو ہمبنٹوٹا میں کھیلے جائیں گے جبکہ 26 اگست کو تیسرے میچ کی سیریز پالی کولمبو کے گا۔ خیال رہے کہ ایشیا کپ کیلئے پاکستان اور افغانستان کی ٹیمیں 27 اگست کو لاہور پہنچیں گی۔

سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام تائی کوانڈو سمر کیمپ میں بیلٹ پروموشن ٹیسٹ اور سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام تائی کوانڈو سمر کیمپ میں بیلٹ پروموشن ٹیسٹ اور سرٹیفکیٹس تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل تھے، انہوں نے شریک کھلاڑیوں نے تائیکوانڈو کا شاندار مظاہرہ بھی کیا گیا، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب ڈاکٹر آصف طفیل نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کہ سپورٹس بورڈ پنجاب سمر کیمپوں میں بچوں نے سپورٹس کی شاندار ٹریننگ کی ہے، تمام بچوں کو بہترین کھیل پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، سپورٹس کے فروغ کیلئے اسی طرح کام کرتے رہیں گے، یہ بچے مستقبل میں بڑے کھلاڑی بن کر ملک کا نام روشن کریں گے، کیمپ میں شریک 40 کھلاڑیوں میں سے 22 کھلاڑی بیلٹ پروموشن ٹیسٹ پاس کر سکے۔ منال آصف، زینب راہ، ماہ نور، بیٹائک آصف ودیگر نے بلیٹ پروموشن ٹیسٹ پاس کیا جبکہ مہاریب منان، زریاب احمد، ثناء مقدس اور میریب وسیم کو بلیک بلیٹ قرار دیا گیا شائلہ نذیر کو فورتھ ڈان ماسٹر ڈگری سرٹیفکیٹ دیا گیا، تقریب میں ڈویژنل کوچ رئیس الرحمن اور ایڈمنسٹریٹر مریم ہال غلام مصطفیٰ شاہ شریک تھے۔

سنسناٹی اوپن ٹینس: کارلوس الکاراز تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے

اوہائیو (سپورٹس ڈیسک۔قوت) سپین کے شہرہ آفاق ٹینس سٹار اور عالمی نمبر ایک کارلوس الکاراز سنسناٹی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ سال کے چوتھے گرینڈ سلام اوپن اوپن سے قبل وارم اپ ٹورنامنٹ کے مینٹوگز کے دوسرے راؤنڈ میں 20 سالہ ہسپانوی ٹینس سٹار کارلوس الکاراز نے آسٹریلوی حریف کھلاڑی جوردن تھامسن کو شکست دے کر اپنوں کا فاتحانہ آغاز کر دیا۔ امریکی ریاست اوہائیو کے شہر سنسناٹی میں جاری اوپن میں کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں کارلوس الکاراز نے ڈچ حریف کھلاڑی جوردن تھامسن کو 5-7، 6-4 اور 6-3 سے ہرا کر تیسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کر لیا۔

سنسناٹی اوپن ٹینس: وینس ولیمز کا دوسرے راؤنڈ میں سفر اختتام پذیر

اوہائیو (سپورٹس ڈیسک۔قوت) امریکا کی سابقہ نمبر ون سٹار سابق عالمی نمبر ایک وینس ولیمز سنسناٹی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں ہار کر باہر ہو گئیں۔ امریکی ریاست اوہائیو کے شہر سنسناٹی میں جاری اوپن میں کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ سال کے چوتھے گرینڈ سلام اوپن سے قبل وارم اپ ٹورنامنٹ میں کارلوس الکاراز نے ڈچ حریف کھلاڑی جوردن تھامسن کو 5-7، 6-4 اور 6-3 سے ہرا کر تیسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کر لیا۔

"بابر اعظم بہترین کھلاڑی اور شاندار کپتان قرار"

(سپورٹس ڈیسک۔قوت) قومی کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر افتخار احمد نے بابر اعظم کو بہترین کھلاڑی اور شاندار کپتان قرار دیدیا۔ کرک وک کو دیئے گئے انٹرویو میں مڈل آرڈر بیٹر افتخار احمد نے پاکستانی کھلاڑیوں کے ایشین کوچ طریقے سے نہ کھیلنے کے رجحان کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے بالیرز اچھے ہیں، اگر ہم اچھی کھیل سکتے تو کیا گورے کھیلتے۔ انہوں نے کہا کہ سری لنکا، بنگلہ دیش، بھارت اور پاکستان میں زیادہ تر ایشین ٹریک ہوتے ہیں، آپکو ہماری پرسفیر کی کنڈیشنز میں شروع سے ہی اسپنرز باؤنگ کرتے نظر آئیں گے۔ افتخار احمد نے ایلون مُسک سے اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست کردی۔ مڈل آرڈر بیٹر نے ٹیسلا کے سی ای او ایلون مُسک سے اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست کردی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر ٹوئٹر کی ایک صارف نے افتخار احمد سے منسوب ایک بیان جاری کیا جس میں لکھا تھا "جب بھی ہمارا بھارت کے خلاف میچ ہوتا ہے تو ہمیں ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ہم گلی کے بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں"۔ مڈل آرڈر کرکٹر نے ٹوئٹر کا لنک اور اسکرین شاٹ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ مجھے اس بیان سے آگاہ کیا گیا ہے جو میں نے کبھی دیا ہی نہیں، درحقیقت کوئی بھی پروفیشنل کرکٹر ایسا نہیں کہے گا۔ حفیظ کا مڈل آرڈر کیلئے افتخار اور سعود کو ٹیم میں شامل کرنے کا مطالبہ افتخار احمد نے کہا کہ برائے مہربانی اس قسم کی غلط اور جھوٹی خبریں پھیلانے سے گریز کریں، انہوں نے ماضوں سے اپیل کی کہ اس اکاؤنٹ کو رپورٹ کیا جائے۔ امام الحق کیساتھ افتخار احمد کے سوال بیٹر نے ایس (ٹوئٹر) کے چیف ایگزیکٹو ایلون مسک کو مخاطب کرتے ہوئے درخواست کی کہ برائے مہربانی اس کا اکاؤنٹ پابندی لگائی جائے۔

ایشیا کپ؛ سری لنکا میں شیڈول میچز کے ٹکٹس بھی فروخت کیلئے پیش

(سپورٹس ڈیسک۔قوت) شائقین کرکٹ کیلئے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کی طرف سے سری لنکا میں شیڈول میچز کے ٹکٹس بھی فروخت کیلئے پیش کر دیئے گئے۔ خبر ایک پاسپورٹ پر چار ٹکٹس آن لائن تک کے سری لنکا میں جا کر میچز کے لطف اندوز ہو سکتے ہیں، سری لنکا میں 31 اگست کو پہلا میچ لینڈی میں بنگلہ دیش اور سری لنکا کے درمیان ہوگا جس کا سستا ترین ٹکٹ 5 ڈالر رکھا گیا ہے جبکہ مہنگا ترین ٹکٹ 200 ڈالر میں خریدا جاسکتا ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان میچز کے ٹکٹس کی قیمت زیادہ رکھی گئی ہے۔ جن کی فروخت کا آغاز شام میں ہوگا، روایتی حریفوں کا میچ دیکھنے میں دلچسپی رکھنے والوں کو 20 ڈالر، 50 ڈالر، 120 ڈالر کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

عماد وسیم نے بھی ون ڈے ورلڈ کپ میں شرکت کی امیدیں باندھ لیں

(سپورٹس ڈیسک۔قوت) فٹ عماد وسیم نے بھی ون ڈے ورلڈ کپ کھیلنے کی امیدیں باندھ لیں، انہوں نے کہا کہ میں ابھی ایک روزہ کرکٹ سے ریٹائر نہیں ہوا ہوں، نئی آرڈر اور انعام الحق دونوں ہی پلیئرز پر پہلے سے صورتحال واضح کرنے پر تنقید رکھتے ہیں۔ عماد وسیم نے آخری مرتبہ ون ڈے فارمیٹ میں پاکستان کی نمائندگی 2020 میں زمبابوے کے خلاف راولپنڈی میں کی تھی۔ وہ اب کیرتھین پریمیئر لیگ کے آنے والے ایڈیشن میں بھیجا خلا دازی جانب سے ایشائن میں نظر آئیں گے۔ آل راؤنڈر کا کہنا ہے کہ اگر کرکٹ ورلڈ کپ کھلانا ہے تو اسے اچانک 3.2 روز پہلے تو نہیں بتایا جائے گا، اس حوالے سے صورتحال واضح ہونا چاہیے۔

افتخار احمد نے ایلون مُسک سے اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست کردی

(سپورٹس ڈیسک۔قوت) قومی کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹر افتخار احمد نے ایکس (ٹوئٹر) کے چیف ایگزیکٹو ایلون مُسک سے اکاؤنٹ بند کرنے کی درخواست کردی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر ٹوئٹر کی ایک صارف نے افتخار احمد سے منسوب ایک بیان جاری کیا جس میں لکھا تھا "جب بھی ہمارا بھارت کے خلاف میچ ہوتا ہے تو ہمیں ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ہم گلی کے بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں"۔ مڈل آرڈر کرکٹر نے ٹوئٹر کا لنک اور اسکرین شاٹ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ مجھے اس بیان سے آگاہ کیا گیا ہے جو میں نے کبھی

پاکی فیڈریشن کو کام کرنے سے روک دیا گیا

(سپورٹس ڈیسک۔قوت) پاکستان اسپورٹس (پی ایس پی) نے پاکی فیڈریشن کے تمام آفیشلز کو معطل کردیا۔ وزیراعظم آفس کی ہدایت پر پاکستان اسپورٹس بورڈ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ انٹیرین گیمز کا کیمپ اور ٹیم مینجمنٹ کے علاوہ تمام آفیشلز کو معطل کر دیا گیا ہے۔ اسپورٹس بورڈ کے زیر نگرانی پاکستان بھر میں ہاکی کھیلنے کی سرگرمیاں کو کام کرنے سے روک دیا گیا ہے۔ اسپورٹس کے ایکشن کے بعد فیڈریشن کے تمام آفیشلز کو معطل کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم آفس کی ہدایت پر پاکستان اسپورٹس بورڈ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کیمطابق وزیر اعظم کی خصوصی کمیٹی نے ہاکی معاملات کی تحقیق کی تھی اور سفارشات کو منظور کیا تھا۔

ایشیا کپ؛ ایک پاسپورٹ پر صرف 2 ٹکٹس ملیں گے

(سپورٹس ڈیسک۔قوت) ایشیا کپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے میچ شائقین کرکٹ کو ایک پاسپورٹ پر محض 2 ٹکٹس فراہم کیے جائیں گے۔ شائقین کرکٹ کیلئے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کی طرف سے سری لنکا میں شیڈول میچز کے ٹکٹس بھی فروخت کیلئے پیش کر دیئے گئے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان میچز کے ٹکٹس کی قیمت زیادہ رکھی گئی ہے، جن کی فروخت کا آغاز شام میں ہوگا، روایتی حریفوں کا میچ دیکھنے میں دلچسپی رکھنے والوں کو 20 ڈالر، 50 ڈالر، 120 ڈالر کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

فیفا ویمنز ورلڈ کپ فائنل: سپین اور انگلینڈ کی ٹیمیں 20 اگست کو مدمقابل ہونگی

سڈنی (سپورٹس ڈیسک۔قوت) (ویب ڈیسک) نویں ویمنز عالمی کپ فٹ بال کا فائنل میچ 20 اگست کو سپین اور انگلینڈ کے درمیان کھیلا جائے گا۔ فٹ بال کی عالمی تنظیم فیفا کے زیر اہتمام نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں مشترکہ طور پر جاری نویں ویمنز ورلڈ کپ اپنے اختتامی مرحلے کی طرف گامزن ہے، سپین اور انگلینڈ کی خواتین ٹیمیں فائنل میں پہنچ چکی ہیں، سپین کی ٹیم پہلی بار سیمی فائنل میں پہنچ چکی تھی۔ سپین کی ٹیم نے سیمی فائنل میں سویڈن کو 2-1 گول سے شکست دے کر پہلی مرتبہ سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ انگلینڈ کی ٹیم نے دوسرے سیمی فائنل میچ میں میزبان آسٹریلیا کو ایک کے مقابلے میں تین گول سے شکست دے کر پہلی مرتبہ فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کیا۔

پنجاب پولیس نے معروف ٹک ٹاکر جنت مرزا کو مدد کیلئے بلالیا

لاہور (شوبز ڈیسک۔قوت) پاکستانی معروف ٹک ٹاکر و اداکارہ جنت مرزا کو پنجاب پولیس نے مدد کے لیے بلا لیا۔ پاکستانیوں کے دلوں میں گھر کرنے والی معروف ٹک ٹاکر اس وقت ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ اعلیٰ پولیس افسر کیساتھ بیٹھی ہوئی نظر آ رہی ہیں، دراصل پنجاب پولیس نے لاکھوں فالوورز رکھنے والی ٹک ٹاکر کو آگاہی مہم کے لیے مدعو کیا تھا۔ اس موقع پر پنجاب پولیس کے ایس ایس پی مرزا اظہم کمال نے کہا کہ ہماری عوام ہیلپ لائن 1122 کو تو بہت اچھے جانتی ہے مگر 1124 سے لاعلم ہے تو یہی وجہ ہے کہ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ نئی ہیلپ لائن عوام کی مدد کیلئے بنائی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس ہیلپ لائن کی عوام میں آگاہی کے لیے جنت مرزا کو مدعو کیا گیا ہے، اگر دوران سفر آپکی گاڑی کا ٹائر پنکچر ہو جائے، پیٹرول ختم ہو جائے۔

جماعت اسلامی پشتو فلم "بارود کا تحفہ" کی پروڈکشن پارٹنر نکلی

پشاور (شوبز ڈیسک۔قوت) جماعت اسلامی سوویت یونین اور افغانستان کی جنگ پر بننے والی پشتو فلم "بارود کا تحفہ" کی پروڈکشن پارٹنر نکلی۔ پشتو فلموں کے لیجنڈری اداکار آصف خان نے فیرملی نشریاتی ادارے سے بات چیت کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ 1990 میں بننے والی فلم بارود کا تحفہ جماعت اسلامی کی مشترکہ پروڈکشن میں بنی تھی جب قاضی حسین احمد امیر جماعت اسلامی پاکستان تھے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے ایک فاش سیکرٹری اور ان کے صاحبزادے نے اس فلم پر سرمایہ کاری کی تھی، ہم نے فلمی شوٹنگ کے سلسلے میں افغان صوبہ کنڑ میں ایک ماہ گزارا جہاں سابق افغان وزیراعظم گلبدین حکمت یار سے بھی ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اس فلم میں سوویت یونین کے افغانستان پر حملے اور جارحیت کی عکاسی کی گئی تھی، مجھے افغانستان میں ایک موقع پر پکڑ لیا گیا اور ایک کمانڈر نے مجھے جان سے مارنے کا حکم دیا جب ہم نے سمجھایا کہ ہم یہاں صرف فلم کی شوٹنگ کر رہے ہیں۔ آصف خان نے بتایا کہ فلم میں تین خواتین ایکٹرز نے بھی اداکاری کے جوہر دکھائے تھے تاہم خاتون کی آواز میں کسی گانے کو فلم کا حصہ نہیں بنایا گیا۔ میڈم نور جہاں سے گانے ریکارڈ کرانے کے باوجود فلم میں شامل نہیں کیے گئے اور نہ ہی اکنامک فلم کے ٹائٹل پر دیا گیا۔

اداکار بلال اشرف کی والدہ انتقال کرگئیں



کراچی (شوبز ڈیسک۔قوت) پاکستان شوبز کے معروف اداکار بلال اشرف کی والدہ خالق حقیقی سے جا ملیں۔ سوشل میڈیا پر ہارٹ اٹیک کا شکار ہونے والے اداکار بلال اشرف کی والدہ کے انتقال کی خبر سے ہوئے ان کی مغفرت کیلئے ماحوں سے دعاؤں کی درخواست کی ہے۔ بلال اشرف کے ساتھی اداکاروں اور ماحوں کی جانب سے ان کی والدہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا جارہا ہے۔ یاد رہے کہ کئی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والے بلال اشرف نے حال ہی میں ڈرامہ "یوحنا" سے ڈراموں کی دنیا میں قدم رکھا ہے۔

دورانِ پرواز بم کی جھوٹی افواہ پھیلانے والا سابق پاکستانی ماڈل گرفتار

آسٹریلیا (شوبز ڈیسک۔قوت) سڈنی سے کوالالمپور جانے والی بین الاقوامی پرواز میں بم کی جھوٹی افواہ پھیلانے پر سابق پاکستانی ماڈل محمد عارف کو گرفتار کر لیا گیا۔ محمد عارف نے پرواز میں بم کی جھوٹی افواہ پھیلا کر جہاز کو واپس سڈنی ایئرپورٹ لوٹنے پر مجبور کیا اور مسافروں اور پرواز کے عملے کو ہراساں کیا۔ سڈنی پہنچتے ہی آسٹریلین پولیس نے 45 سالہ سابق پاکستانی ماڈل محمد عارف علی کو گرفتار کر لیا۔ آسٹریلیا کی پولیس کا کہنا ہے کہ محمد عارف نے دوران پرواز دھوکی کیا تھا کہ ان کے بیگ میں دھماکہ خیز مواد موجود ہے اور وہ جہاز کو بم سے اڑا دیں گے جس کے بعد جہاز کو واپس سڈنی لینڈ کروانے کے بعد انہیں جھوٹی افواہ پھیلانے اور مسافروں کو ہراساں کرنے پر گرفتار کیا گیا۔

ڈان 3 میں رنویر کے ساتھ کونسی اداکارہ مرکزی کردار نبھائیں گی؟

ممبئی (شوبز ڈیسک۔قوت) بالی ووڈ کی مشہور سیریز کی ڈانے والی فلم "ڈان 3" میں مرکزی کردار ادا کرنے والی اداکارہ کون ہوں گی فرحان اختر نے انکشاف کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق فلمساز فرحان اختر نے فیرملی نشریاتی ادارے کو دیئے گئے حالیہ انٹرویو میں ڈان 3 کی لیڈ ایکٹریس سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ ڈان 3 میں رنویر سنگھ کے ساتھ کون اداکارہ مرکزی کردار میں ہوں گی اس سوال کے جواب میں فرحان اختر نے بتایا کہ ابھی اداکارہ کا انتخاب کرنے کیلئے ناموں پر غور کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ابھی ایسا کوئی اعلان نہیں کرنا چاہتا جس کو بعد میں تبدیل کرنا پڑے اس لئے صحیح وقت کا انتظار کرنا چاہیے۔ ہم بھارتی میڈیا کا دھوکی ہے کہ ڈان 3 میں رنویر سنگھ کے ساتھ کیارا ادوانی لیڈ رول میں ہوں گی جبکہ حال ہی میں فلم میگا بجٹ فلم "وار 2" اور "ہم چیمپئن" سائن کر چکی ہیں۔ ڈان 3 کی پہلی جھلک جاری کی جا چکی ہے جس میں رنویر سنگھ کو ڈان کا ڈائیلاگ دہراتے دکھایا گیا ہے۔

جناح کا پاکستان نہیں ہے! جڑانوالہ واقعے پر شوبز فنکاروں کی شدید مذمت

لاہور (شوبز ڈیسک۔قوت) پاکستان شوبز کے فنکاروں کی جانب سے جڑانوالہ واقعے پر شدید مذمت کی جارہی ہے فنکاروں کا مطالبہ ہے کہ واقعے میں ملوث افراد کو گرفتار کرکے تعزیرات کی مثال بنا دیا جائے۔ اداکارہ عجلی علی نے اپنے سوشل میڈیا پوسٹ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ کسی بھی مذہب میں شدد پسندی کی کوئی جگہ نہیں ہے یہ ایک شرمناک حرکت ہے اقلیتوں کے ساتھ ہونے والے اس تشدد کی شدید مذمت کرتی ہوں دعا گو ہوں کہ امن اور اتحاد کی قائم ہو۔

نسا ملک نے علیزے شاہ کے خلاف ایف آئی آر کی درخواست جمع کرادی



اسلام آباد (شوبز ڈیسک۔قوت) اداکارہ نسا ملک نے ساتھی اداکارہ علیزے شاہ کے خلاف تشدد کی ایف آئی آر درج کرادی۔ نسا ملک نے اسلام آباد ویمن پولیس اسٹیشن میں دی گئی درخواست میں الزام لگایا ہے کہ علیزے شاہ نے 15 اگست کو ڈرامے کی شوٹنگ کے دوران ان کے اور جوتا ہوا سگریٹ پھینکا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ نسا ملک نے درخواست میں موقف اختیار کیا کہ علیزے شاہ نے مجھے جتوں سے بھی مارا اور میں نے بڑی مشکل سے اپنی جان بچائی۔ انہوں نے علیزے شاہ پر منشیات استعمال کرنے کا بھی الزام لگایا کہ علیزے شاہ نے اپنی شکایت میں مزید کہا کہ علیزے شاہ مجھ سے پیشہ ورانہ طور پر حسد کرتی ہے۔ اس سے پہلے بھی انکی نازیبا ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکی ہیں۔ انہوں نے اپنی درخواست میں کہا کہ اس سے قبل بھی ایک پروڈکشن ہاؤس نے علیزے شاہ کے پریشان کن رویے کی وجہ سے ایک ڈرامے کی شوٹنگ روک دی تھی اور علیزے کیخلاف ایف آئی آر درج کرائی تھی۔ واضح رہے کہ اداکارہ علیزے شاہ ماضی میں بھی مختلف تنازعات کا شکار رہی ہیں۔ انکی گاڑی میں سگریٹ پیتے ہوئے ایک ویڈیو وائل ہوئی تھی جس پر انہیں سوشل میڈیا پر کافی تنقید کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں اداکار یاسر نواز نے علیزے شاہ کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کو خوفناک قرار دیا تھا تاہم بعد میں انہوں نے اپنے اس بیان پر اداکارہ سے معافی مانگ لی تھی۔

امریکا جا کر خود مختار ہونا اور کامیاب بزنس کرنا سیکھا: کومل عزیز

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ کومل عزیز نے کہا ہے کہ امریکا میں جا کر خود مختار ہونا اور کامیاب بزنس کرنا سیکھا۔ بعد احساس ہوا کہ میں نے اپنی زندگی تباہ کردی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ٹین ایج انہیں لگتا ہے کہ میں نے غلط کرکے اچھا کیا تھا کیوں کہ بعد میں امریکا کے ایک اچھے فلمی ادارے کی جانب سے سکالرشپ پر تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا، جہاں جا کر میں نے خود مختار ہونا اور کامیاب بزنس کرنا سیکھا۔

کیا اداکارہ ماہرہ خان شادی کرنے والی ہیں؟



کراچی (شوبز ڈیسک۔قوت) پاکستان شوبز کی سپر اسٹار ماہرہ خان کی شادی کی افواہیں گردش کرنے لگیں۔ اداکارہ ماہرہ خان کی شادی سے متعلق سوشل میڈیا پر خبریں سامنے آرہی ہیں جن میں یہ دعویٰ کیا جارہا ہے کہ اداکارہ آئندہ ماہ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جائیں گی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے مختلف بلاگز پر گردش کرنے والی ان خبروں میں بتایا گیا ہے کہ ماہرہ اپنے قریبی دوست سلیم کریم کے ساتھ حتمی زندگی کی شروعات کرنے والی ہیں۔ ماہرہ خان کی شادی میں قریبی دوستوں اور رشتہ داروں کو مدعو کیا گیا ہے اور اسے انتہائی خفیہ رکھا جائے گا تاہم شادی کے حوالے سے ماہرہ خان نے تاحال کوئی تصدیق یا تردید نہیں کی ہے۔ یاد رہے کہ ماہرہ خان نے 2007 میں علی عسکری سے شادی کی۔ 2009 میں اس جوڑے نے اپنے بیٹے اذلان عسکری کو دنیا میں خوش آمدید کہا۔ تاہم بدقسمتی سے یہ شادی نہ چل سکی اور 2015 میں دونوں میں علیحدگی ہوگئی۔

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ایس ایم تنویر سے صنعتکاروں اور تاجروں کے وفد کی ملاقات

حکومت معاشی استحکام کیلئے موثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے، صوبائی وزیر صنعت وتجارت

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر سے صنعتکاروں اور تاجروں کے وفد نے منسٹر بلاک میں ملاقات کی جس میں انڈسٹری، صنعتکاروں کے مسائل اور ان کے حل کے لئے حکومتی اقدامات پر بات چیت ہوئی۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صنعتکاروں اور انڈسٹری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جارہے ہیں۔ پنجاب چیمبرز آف کامرس آرگرائزیشن کینٹی کے پلیٹ فارم سے صنعتکاروں کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ آفس میں صنعتکاروں کو ون ونڈو آپریشن کی سہولت کے لئے بزنس سپورٹ سیل بھی قائم کیا گیا ہے اور صوبے میں صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے سازگار ماحول فراہم کیا گیا ہے۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ اقتصادی اہداف کے حصول کے لئے معاشی خودمختاری اہم ہے۔ حکومت معاشی استحکام کے لئے موثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے اور ایکی پاکستان لانا چاہتے ہیں جس سے پنجاب میں زیادہ سے زیادہ کیٹگریاں لگیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتکاری کا عمل تیز ہوگا تو روزگار کے مواقع بھی بڑھیں گے۔ وفد کے اراکین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری اور صنعتکاروں کے مسائل کے حل میں ایس ایم تنویر کا کردار لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری اور صنعتکاروں کے مسائل کے حل میں ذاتی دلچسپی لینے پر صوبائی وزیر ایس ایم تنویر کے مشکور ہیں۔ وفد میں صدر لاہور چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز چودری امجد، نعمان کیور اور دیگر شرکا تھے۔

100 انڈیکس 179 پوائنٹس اضافہ کے بعد 48300 پوائنٹس کی سطح پر بند

کراچی (کامرس ڈیسک) پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں بدھ کے روز کی مندی کے بعد جمعرات کو معمولی ریکوری دیکھی گئی، کے ایس ایس 100 انڈیکس 179 پوائنٹس اضافہ کے بعد 48300 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا، کاروباری تیزی کے باعث مارکیٹ سرمایہ میں 23 ارب روپے کا اضافہ ہوا جبکہ حصص کی کاروباری مالیت اور حجم بھی بدھ کے مقابلے میں بڑھ گئی، تفصیلات کے مطابق جمعرات کو روز کے مقابلہ کاروباری قدر میں معمولی کمی کے باعث اسٹاک مارکیٹ میں ریکوری دیکھی گئی اور مالی وغیرہ کی سرمایہ کاری کی جانب حصص کی خریداری کا عمل جاری رہا، مارگز شرح دوزکا روبار کے اختتام پر کے ایس 100 انڈیکس 179 پوائنٹس اضافہ کے بعد 48325 پوائنٹس پر بند ہوا، کے ایس ایم 30 انڈیکس 63 پوائنٹس اضافہ فی 17124 پوائنٹس پر بند ہوا جبکہ 17188 پوائنٹس اور کے ایس آل شیئرز انڈیکس 99 پوائنٹس اضافہ سے 31909 پوائنٹس پر بند ہوا 32009 پوائنٹس پر بند ہوا، مارکیٹ میں تیزی کے باعث مارکیٹ سرمایہ میں 23 ارب روپے کا اضافہ دیکھا گیا، کس کے بعد مارکیٹ سرمایہ بڑھ کر 71 کھرب 79 ارب روپے کی سطح سے بڑھ کر 72 کھرب 2 ارب روپے تک پہنچ گئی آگیا، پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں گزشتہ روز 10 ارب روپے مالیت کے 22 کروڑ سے زائد حصص کا کاروبار ہوا جبکہ بدھ کے روز 17 ارب روپے مالیت کے 19 کروڑ سے زائد حصص کے سودے ہوئے تھے، گذشتہ روز مارکیٹ میں مجموعی طور پر 325 کمپنیوں کا کاروبار ہوا جس میں سے 155 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ 147 میں کمی اور 23 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں استحکام رہا بلاکہ ہار کے لحاظ سے دیوان موٹرز، بے ایس بینک، پاک ریلائنری، او جی ڈی سی ایل، پاک پولیمر، بیسٹ ہیلتھ پی کے بشاط چوٹیاں، بینک الفلاح، لال پیر پاور اور ولرڈ کال بیلی کام کے سودے سرفہرست رہے۔ قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے اعتبار سے اسٹاک انڈیکز کے بھاؤ میں 50.42 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس سے اسکے حصص کی قیمت 50.642 روپے ہوگئی، 38 روپے کے اضافے سے سوفی ایوانس کے حصص کی قیمت 800 روپے ہو چاچیکی جبکہ سفائر فاسیر کے حصص کی قیمت میں 50.91 روپے کی کمی واقع ہوئی۔

پاکستان اور بیلجیم کے درمیان تجارتی تعلقات وقت کی ضرورت ہے، اعجاز خان

پشاور (کامرس ڈیسک) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تاقتمام صدر اعجاز خان آفریدی نے بلجیم کے سرمایہ کار کمپنیوں کو خیبر پختونخوا کے مارکل معدنیات اور دیگر اہم شعبہ جات میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔ پاکستان اور بیلجیم کے درمیان دوطرفہ باہمی تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان کو درپیش اہم چیلنجز کے تحت پاکستانی معدنیات کی برآمد میں بلجیم کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ بلجیم کے سرمایہ کار خیبر پختونخوا میں

"قوت" کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات کسی اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں یکے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 (صبح 10 بجے تا شام 6 بجے)

اعلان التعاقی

برخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے میں ایک عزیز متاعی حد اللہ رانا محمد اسلم شاہنی کا رنمبر 34601-5208126-3 قوم راجپوت سکونت موپال ضلع سالکوٹ کے رہنے والے ہے بری عادات، چوری ڈکیتی، لڑائی جھگڑے، نشے کا استعمال، بدکاری کی وجہ سے التعاقی کا اعلان کیا جاتا ہے اس کے حق میں کسی قسم کا معاہدہ یا چیک پوائنٹس کورٹ کچہری کا ذمہ دار نہیں ہوں گا، جسے اس کی کسی عمل میں تنگ نہ کیا جائے اور نہ ہی اس کے کسی عمل کی وجہ سے کسی قسم کا نقصان ہوگا، تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر محمد اکرم ولد بشیر احمد قوم راجپوت ٹھیکہ نمبر 0301-7304035 پیپلز کالونی اوکاڑہ۔

1	تقیہ	تقیہ جات

اوسی مرم شاری کے بعد کی صورت حال پر تناولہ خیال کیا گیا، اجلاس میں انتخابی حلقہ بندیوں کا کام 4 ماہ میں مکمل کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جس پر کام آج سے شروع ہوجائے گا۔ الیکشن کمیشن کے ترجمان کے مطابق الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیاں کرانے کیلئے ایک جس کے شیڈیول کو نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق فی حلقہ بندیوں کیلئے صوبائی حکومتوں اور ادارہ شماریات سے معاونت طلب کرلی جبکہ متعلقہ حکام کو فی حلقہ بندیوں کے حوالے سے اختیارات جاری کردیے ہیں، الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق حلقہ بندیاں 48 دسمبر مکمل ہوں گی جبکہ پرانی حلقہ بندیوں کو مجمد کردیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق 21 اگست کو چاروں صوبوں اور اسلام آباد کے لیے ٹیبلیں تشکیل دی جا چکی ہیں، کام سے 4 جنوری تک مکمل ہوجائے گا جبکہ فی حلقہ 5 سے 6 سیکٹری الیکشن کمیشن کو رہنما دے دی جائے گی۔ سابق چیف الیکشن کمیشن کو مشاورت کے بعد 31 جنوری تک ہی مردم شماری کا کام مکمل کرنا تھا، اس کی فوری وجہ یہ ہے کہ 82.1 کروڑ کی آبادی کو پرنٹ کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے کئی مہینے لگ گئے۔ کورونا وبا کے باعث مردم شماری کا کام ٹھیک سے نہیں ہوسکا، اس کی وجہ سے کئی مہینے ضائع ہوگئے۔ الیکشن کمیشن کے ترجمان کے مطابق الیکشن کمیشن نے حلقہ بندیاں کرانے کیلئے ایک جس کے شیڈیول کو نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق فی حلقہ بندیوں کیلئے صوبائی حکومتوں اور ادارہ شماریات سے معاونت طلب کرلی جبکہ متعلقہ حکام کو فی حلقہ بندیوں کے حوالے سے اختیارات جاری کردیے ہیں، الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق حلقہ بندیاں 48 دسمبر مکمل ہوں گی جبکہ پرانی حلقہ بندیوں کو مجمد کردیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق 21 اگست کو چاروں صوبوں اور اسلام آباد کے لیے ٹیبلیں تشکیل دی جا چکی ہیں، کام سے 4 جنوری تک مکمل ہوجائے گا جبکہ فی حلقہ 5 سے 6 سیکٹری الیکشن کمیشن کو رہنما دے دی جائے گی۔ سابق چیف الیکشن کمیشن کو مشاورت کے بعد 31 جنوری تک ہی مردم شماری کا کام مکمل کرنا تھا، اس کی فوری وجہ یہ ہے کہ 82.1 کروڑ کی آبادی کو پرنٹ کیا گیا ہے، جس کی وجہ سے کئی مہینے ضائع ہوگ

گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد میں یوم آزادی کی شاندار تقریب

پاکستان ہمارا عشق اور جنون ہے ڈاکٹر عامر نوید ایم ایس

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عامر نوید نے سٹاف کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور پاکستان کی 76 ویں سالگرہ کا کیک بھی کاٹا

آزادی ایک نعمت ہے ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے زندہ قومیں ہمیشہ اپنے یوم آزادی جوش جذبہ سے مناتے ہیں

ہم نے متحد ہو کر ایک قوم بن کر تمام سازشوں کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے لیے سب سے پہلے ہمارا وطن ہے ہمیں اندرونی بیرونی دشمنوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بننا ہوگا

اپنے اپنے شعبے میں رہ کر ایمانداری سے اپنے فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، تقریب سے خطاب

تحریر و ترتیب ملک بشیر احمد فوٹو گرافی رومان رومی

فیصل آباد (تحریر و ترتیب ملک بشیر احمد فوٹو گرافی رومان علی رومی) گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد میں یوم آزادی کی شاندار تقریب یوم آزادی پوری ملی جوش و خروش سے منایا گیا، پورا شہر اور سرکاری عمارات کو جھنڈیوں اور برقی قمقموں سے سجایا گیا فیصل آباد کے دوسرے اداروں کی طرح گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد میں بھی ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا، تقریب میں سٹاف نے اپنی فیملز اور بچوں کے ہمراہ شرکت کی بچوں بڑھوں نے

کرتمام سازشوں کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے لیے سب سے پہلے ہمارا وطن ہے ہمیں اندرونی بیرونی دشمنوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بننا ہوگا آج پاکستان مخالف قوتیں عالمی سطح پر مختلف قسم کی سازشوں میں مصروف ہے لیکن ہم نے متحد ہو کر ایک قوم بن کر تمام سازشوں کا مقابلہ کرنا ہے ہمارے لیے سب سے پہلے ہمارا وطن ہے ہمیں اندرونی بیرونی دشمنوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بننا ہوگا آج یوم آزادی کے دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ اپنے اپنے شعبے میں رہ کر ایمانداری سے اپنے فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا کیونکہ پاکستان ہمارا عشق ہے

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عامر نوید نے سٹاف کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور پاکستان کی 76 ویں سالگرہ کا کیک بھی کاٹا سٹاف اور انکے بچوں نے سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے اور ان ہاتھوں میں جھنڈیاں اٹھا رکھی تھیں فضائیں پاکستان زندہ آباد کے نعروں سے گونج رہیں تھیں ایم ایس، عامر نوید نے اپنے سٹاف کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور وطن عزیز کی سلامتیت

ڈاکٹر عامر نوید نے اپنے سٹاف کے ہمراہ پرچم کشائی کی

کا جوش و خروش دیدنی تھا، آزادی ایک نعمت ہے اور زندہ قومیں اپنا یوم آزادی ہمیشہ شایان شان طریقے سے مناتے ہیں آج کے دن عہد کریں کہ وطن کی تعمیر و ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گے، ایم ایس عامر نوید کا خطاب تفصیلات کے مطابق پورے فیصل آباد میں

تقریب میں شریک بچوں اور بڑوں نے سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے

تعمیر و ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی پرچم کشائی کے بعد تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا اور نعت رسول مقبول کی سعادت بھی حاصل کی گئی اس موقع پر پاکستان کی 76 ویں سالگرہ کا کیک بھی کاٹا گیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عامر نوید ایم ایس نے کہا کہ آزادی ایک نعمت ہے ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے یہ ملک ہمیں بہت قربانیوں کے بعد حاصل ہوا ہے ہمارے آباواجداد نے اتنی قربانیاں دیکر یہ مملکت خداداد حاصل کی ہے کہ ہم اسکا تا زندگی بھی شکر ادا کرتے رہیں تو کم ہے کہ آج ہم آزاد، فضاؤں میں زندگی بسر کر رہے آج ہم گلوبل وار کا شکار ہیں اور

ہمارے آباواجداد نے اتنی قربانیاں دیکر یہ مملکت خداداد حاصل کی ہے

آج کے دن عہد کریں کہ وطن کی تعمیر و ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گے، ڈاکٹر عامر نوید

یہ وطن ہمارا ہے..... ہم ہیں پاسباں اس کے



14 August

جشن آزادی مبارک

ہم میڈیکل سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد

ڈاکٹر عامر نوید

اور

ان کی پوری ٹیم کو 14 اگست کا دن شاندار طریقے سے منانے

اور پروقار تقریب کے انعقاد پر انہیں

خراج تحسین

پیش کرتے ہیں

منجانب

ملک بشیر احمد

ڈپٹی سٹی بیورو چیف فیصل آباد روزنامہ قوت لاہور

وائس چیئرمین فیصل آباد پروفیشنل جرنلسٹس ایسوسی ایشن

وائس چیئرمین پروٹیکشن آف ہیومن رائٹس (رجسٹرڈ)

چیف ایڈیٹر: میاں محمد فیاض، مینجنگ ایڈیٹر: صدف الطاف چودھری، سینئر گروپ ایڈیٹر: ڈاکٹر محمد احسن محمود، ایڈیٹر: امداد اللہ قریشی، ڈپٹی ایڈیٹر: بشیر وزمیاں، لیگل ایڈوائزر: وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور